© rasailojaraid.com



# تنقید و تبصرہ

**فہم اسلام** | مؤلفہ جناب پروفیسر عبدالقیوم صاحب ایم اے شعبۂ عربی و اسلامی علوم گورنمنٹ کالج۔ لاہور
سائز کتابی۔ صفحات ۲۱۰ کاغذ طباعت عمدہ قیمت مجلد چار روپے۔
ناشر:۔ یونیورسٹی بک ایجنسی کچہری روڈ۔ لاہور

پنجاب یونیورسٹی نے اپنے نصاب میں آٹے میں نمک کے برابر ــــ بلکہ بلحاظ اثر اس سے بھی بہت کم ــــ ایک مضمون "اسلامیات" کا بھی رکھا ہے۔ اس کے طلباء کے لئے جناب پروفیسر عبدالقیوم صاحب نے یہ مفید کتاب لکھی ہے۔

اس نوعیت کی کتابیں، عام طور پر سطحی اور اس طرح کی ہوتی ہیں کہ طلباء کی امتحانی ضروریات بمشکل ہی پوری کر سکتی ہیں ۔ پروفیسر صاحب کی یہ کتاب ان سے مختلف ہے۔ اس کے معلومات قیمتی اور جوہری ہیں گویا کوزے میں دریا ہے۔ جو لکھا ہے اپنے انداز کے مطابق تحقیق سے لکھا ہے۔ پہلا حصہ جو قرآن، حدیث اور فقہ کے مطالعہ کی مبادیات پر مشتمل ہے (ص ۴ سے ۱۱۲) کافی محنت سے لکھا گیا ہے۔ اردو میں شاید یہ معلومات کسی ایک جگہ نہ مل سکیں۔ مثلاً حدیث کی اصطلاحات حجیت و تدوین حدیث، جمع حدیث کے ادوار، تصانیف، مذاہب اربعہ و اہل حدیث کا تعارف ان کی خصوصیات وغیرہ کا تعارفی حد تک جامعیت سے ذکر ہے۔ علمی مسائل کے لئے پیرایہ بیان دلنشیں اختیار کیا گیا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مؤلف ان کو طلبہ کے دل میں اتار دینا چاہتے ہیں ــــ پھر ہر موضوع کے مصادر بھی لکھ دیئے گئے ہیں۔ تاکہ تحقیق پسند حضرات ان کی طرف رجوع کر سکیں۔

ہاں حدیث کی بحث میں سنت کی تعریف میں الجھاؤ سا محسوس ہوا، اہل سنت کے نزدیک حدیث و سنت ایک ہی شئی کی دو تعبیریں ہیں۔ جیسا کہ مؤلف خود بھی تسلیم کرتے ہیں۔ (ص ۸۵)
اسی طرح درایت (ص ۵۲) کے متعلق بھی جو لکھا گیا ہے وہ محدثین کا مسلک نہیں۔ حدیث کی پرکھ کے جو معیار عام شہرت کی بنا پر لکھے گئے ہیں وہ موضوع حدیث کو پرکھنے کے ہیں۔ ہر حدیث کے لئے نہیں۔ ثابت شدہ حدیثوں پر یہ لاگو نہیں ہوتے ــــ افسوس ہے کہ اکثر مصنفین کی

© rasailojaraid.com